JHARKHAND COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING,RANCHI

CALSS 9th SUBJECT-URDU

Model Question Paper

Session-2023-24

Time- 1:30 Full marks-40

---

## Section -I

درج ذیل غیر درسی اقتباس کو پڑھئے اور دیے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔

(سوال نمبر-1 سے 5 تک)

"دنیا کی ایجادات میں قلم کا ایجاد کو اگر سب سے بہترین ایجاد کہا جائے تو کوئی بری بات نہیں ہو گی۔ قلم کی طاقت گولی، بندوق اور میزائل سے بھی زیادہ ہے۔ایک قول کے مطابق قلم کا ایجاد مصر میں 3200 عیسوی پہلے ہوئی تھی۔ہندوستان میں قلم کی شروعات 5000 سال پہلے ہوئی۔ پرانے زمانے میں لوگ ہڈیوں سے لکھا کرتے تھے۔آہستہ آہستہ وقت بدلا لوگوں کے ہاتھوں میں بال والی قلم آ گئی۔اب تو کمپیوٹر کے ایجاد نے ایک نئے دور کی شروعات کی ہے،اب لوگ قلم کے بجائے سیدھے کی بورڈ سے لکھنا شروع کر دیئے ہیں"۔

سوال نمبر۔1-مذکورہ اقتباس کا سب سے بہترین موضوع کیا ہو سکتا ہے۔

(A)دنیا کی ایجادات (B) قلم ایک بہترین ایجاد (C) زمانہ قدیم (D) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۔2۔ قلم کا ایجاد کس ملک میں ہوئی تھی۔

(A)مصر میں (B) امریکہ میں (C) ہندوستان میں (D) انگلینڈ میں

سوال نمبر۔3-ہندوستان میں قلم کی شروعات کب ہوئی۔

(A)800 سال پہلے (B) 700 سال پہلے (C) 600 سال پہلے (D)500 سال پہلے

سوال نمبر۔4- پرانے زمانے میں لوگ کس چیز سے لکھا کرتے تھے۔

(A)ریت سے (B) لکڑی سے (C) ہڈیوں سے (D) قلم سے

سوال نمبر۔5۔نئے دور کی شروعات کس نے کی۔

(A) قلم نے (B) کمپیوٹر نے (C) میزائل نے (D) ایجاد نے

Section -II

# گرامر

سوال نمبر 6 سے 10 تک۔

سوال نمبر۔6۔ان میں سے اسم کی مثال کون سی ہے۔

(A)رانچی (B) جانا (C) جھوٹا (D) بہادر

سوال نمبر 7۔ لڑکی کا مذکر کیا ہے۔

(A)لڑکیاں (B) لڑکوں (C) لڑکا (D) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۔8۔ملک کا جمع کیا ہے۔

(A)ملک (B) مملوک (C) ملکیں (D) ممالک

سوال نمبر۔9۔ ''میں اسکول گیا تھا'' یہ جملہ کس زمانے میں ہے۔

(A)حال (B) مستقبل (C) ماضی (D) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر۔10۔ لفظ رانی کا متضاد کیا ہوگا۔

(A)پرجا (B) شہزادہ (C) شہزادی (D) راجا

Section -III

# درسی کتاب۔ حصہ نثر

(سوال نمبر 11 سے 15 تک)

ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دئے گئے سوالات کا جواب دیجئے۔

''نصیر دایہ کے پیچھے پیچھے دروازہ تک آیا لیکن جب دایہ نے دروازہ باہر سے بند کر دیا تو مچل کر زمین پر لیٹ گیا۔ اور انا انا کہ کر رونے لگا۔ شاکرہ نے چمکارا، پیار کیا، گود میں لینے کی کوشش کی، مٹھائی کا لالچ دیا، میلہ دکھانے کا وعدہ کیا۔ اس سے کام نہ چلا تو بندر اور سپاہی اور لولو اور ہوا کی دھمکی دی مگر نصیر پر مطلق اثر نہ ہوا یہاں تک کہ شاکرہ کو غصہ آ گیا''۔

سوال نمبر۔11۔ مذکورہ عبارت کس سبق سے لیا گیا ہے۔

(A)چارپائی (B) جج اکبر (C) مگر وہ ٹوٹ گئی (D) دیہات کی زندگی

سوال نمبر۔12۔ نصیر کس کے پیچھے پیچھے دروازہ تک آیا تھا۔

(A)شاکرہ کے پیچھے پیچھے (B) بندر کے پیچھے پیچھے (C) دایہ کے پیچھے پیچھے (D) صابر علی کے پیچھے پیچھے

سوال نمبر۔13۔ دروازہ کو باہر سے کس نے بند کر دیا تھا۔

(A)دایہ نے (B) شاکرہ نے (C) سپاہی نے (D) صابر علی نے

سوال نمبر۔14۔بندر اور سپاہی کی دھمکی کس کو دی گئ تھی۔

(A)دایہ کو (B) شاکرہ کو (C) نوکر کو (D) نصیر کو

سوال نمبر۔15۔ کس کو غصہ آگیا تھا۔

(A)نصیر کو (B) شاکرہ کو (C) دایہ کو (D) بندر کو

ذیل کے سوالات کو غور سے پڑھئے اور دیے گئے جوابات میں صحیح جواب کو چن کر لکھئے۔

(سوال نمبر 16 سے 25 تک)

سوال نمبر۔16۔ہندوستانی گھرانوں میں چارپائی کو کس کام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(A)سونے کے لئے (B) بیٹھنے کے لئے (C) دونوں صحیح ہے (D) کوئ صحیح نہیں ہے۔

سوال نمبر۔17۔حج اکبر افسانہ کس نے لکھا ہے۔

(A)صالحہ عابد حسین (B) سرسید احمد خاں (C) رشید احمد صدیقی (D) منشی پریم چند

سوال نمبر۔18۔شاکرہ اور صابر حسین کے بیچ کیا رشتہ تھا۔

(A)شوہر بیوی (B) بھائ بہن (C) بیٹا بیٹی (D) دایہ مالک

سوال نمبر۔19۔چارپائ انشائیہ کو کس نے لکھا ہے۔

(A)رشید احمد صدیقی (B) سرسید احمد خاں (C) شوکت تھانوی (D) منشی پریم چند

سوال نمبر۔20۔ صحیح جوڑ املائے۔ (A) گزرا ہوا زمانہ۔ سرسید احمد خاں (B) چارپائی۔رشید احمد صدیقی (C) دیہات کی زندگی۔عبدالحلیم شرر (D) سبھی صحیح ہے

سوال نمبر۔21۔نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی اور کچھ میری زبانی۔اس کہانی میں کس کے بارے میں بات کی گئ ہے۔

(A)مرزا فرحت اللہ بیگ کے بارے میں (B) مولوی نذیر احمد کے بارے میں۔ (C)نصیر اللہ کے بارے میں (D) شاکرہ کے بارے میں

سوال نمبر۔22۔ذیل میں فن افسانہ کی خاصیت کیا ہے۔

(A)اس میں شاعری ہو گی (B) اس میں اس میں انشائیہ پن ہو گا (C) اس میں تعریف ہو گی (D) اس میں کہانی پن ہو گا

سوال نمبر 23۔ شیخ صاحب، میر صاحب، مرزا صاحب رونق بیگم یہ سب کس ڈرامے کا کردار ہے۔

(A)ڈرامہ خدا حافظ (B) ڈرامہ کھیتی (C) ان میں دونوں صحیح ہے (D) کوئ صحیح نہیں ہے

سوال نمبر۔24۔ گزرانہ زمانہ مضمون کو آپ کے کتاب میں کس صنف میں شمار کیا گیا ہے۔

(A)انشائیہ (B) افسانہ (C) ناول (D) ڈرامہ

سوال نمبر۔25۔ٹیلی ویژن، ای میل اور انٹرنیٹ کو کیا کہا جاتا ہے۔

(A)ادبی صنف (B) شوشل میڈیا (C) کمپیوٹر (D) انفارمیشن ٹیکنالوجی

Section -IV

## درسی کتاب۔حصہ نظم

(سوال نمبر۔26سے30تک )

ذیل کے نظم کو غور سے پڑھئے اور دیے گئے سوالات کے صحیح جواب چن کو کر لکھئے۔

دنیا کی محفلوں سے اکتا گیا ہوں یارب

کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو

شورش سے بھاگتا ہوں دل ڈھونڈتا ہے میرا

ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو

مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری

دامن میں کوہ کے ایک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

سوال نمبر۔26۔مندرجہ بالا اشعار کس نظم سے لیا گیا ہے۔

(A)ایک آرزو (B) رامائن کا ایک سین (C) تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ (D) جھونپڑا

سوال نمبر27۔ نظم ایک آرزو کے لکھنے والے کون ہیں۔

(A)فیض احمد فیض (B) محمد اقبال (C) برج نرائن چکبست (D) حالی

سوال نمبر28۔لفظ انجمن کے کیا معنی ہے۔

(A) محفل (B) بہت سارے لوگ (C) میٹھی شی (D) پہاڑ

سوال نمبر29۔شاعر نے نظم میں کس آرزو کا اظہار کیا ہے۔

(A) محفل کی (B) چھوٹے سے جھونپڑے کی (C) خامشی کی (D) اکتاہٹ کی

سوال نمبر۔30۔شاعر اپنا جھونپڑا کہاں بنانا چاہتا ہے۔

(A)آسمان میں (B) گاوں میں (C) دامن کوہ میں (D) انجمن میں

ذیل کے سوالات کو غور سے پڑھئے اور اور دیئے جوابات میں سے صحیح جواب کو چن کر لکھئے۔

(سوال نمبر31سے35تک )

سوال نمبر۔31۔ صحیح جوڑ ملائے۔

(A)سکھ کی تان۔میراجی (B) بول۔فیض احمد فیض (C) رامائن کا ایک سین۔برج نرائن چکبست (D) سبھی آپشن صحیح ہیں۔

سوال نمبر۔32۔رامائن کا ایک سین اس نظم میں ماں کس کے لئے اشک بار ہوتی ہیں۔

(A)کیکئی کے لئے (B) کوشلیا کے لئے (C) دسرتھ کے لئے (D) رام چندر جی کے لئے

سوال نمبر 33۔ حکومتوں اور قوموں پر زوال کیسے آتا ہے۔

(A) تعلیم چھوڑ دینے سے (B) ہنر اور فن چھوڑ دینے سے (C) تعلیم کی قدر و قیمت نہ جاننے کی وجہ سے (D) سبھی صحیح ہے

سوال نمبر 34۔ میراجی کا اصل نام کیا ہے۔

(A) خواجہ الطاف حسین (B) محمد ثنااللہ ڈار (C) محمد اقبال (D) کلیم الدین

سوال نمبر۔35۔ رباعی کس کو کہتے ہیں

(A) جس میں ایک مصرعہ ہو (B) جس میں دو مصرعہ ہو (C) جس میں تین مصرعہ ہو (D) جس میں چار مصرعہ ہو

نیچے دیئے گئے درخواست کے خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پورا کیجئے۔

(سوال نمبر 36 سے 40 )

خدمت میں

عالی جناب۔۔36۔۔اپ گریڈیڈ ہائی اسکول پلاموں جھارکھنڈ

۔۔۔۔37۔۔چار دنوں کی چھٹی کے بارے میں

عرض درخواست یہ ہے کہ کئی دنون سے میری طبیعت مسلسل خراب چل رہی تھی۔ آج چیک اپ کرآنے سے ڈینگو کا پتہ چلا ہے اسلئے ڈاکٹر صاحب نے چار دن تک آرام کا مشورہ دیا ہے۔ اس لئے حضور عالی سے گزارش ہے کہ مجھے۔۔۔ 38۔۔ کی چھٹی دی جائے۔ اس کے لئے میں ہمیشہ آپکا

۔۔۔۔39۔۔۔بنا رہوں گا۔

آپکا۔۔۔40۔۔۔

نام

کلاس

رول نمبر۔

سوال نمبر۔36۔ (A) پرسنل (B) منیجر (C) مانیٹر (D) کلاس ٹیچر

سوال نمبر۔37۔ (A) موضوع (B) مانیٹر (C) استاد (D) کوئی نہیں

سوال نمبر۔38۔ (A) ایک دن (B) دو دن (C) تین دن (D) چار دن

سوال نمبر۔39۔ (A) خادم (B) بھائی (C) اچھا (D) شکر گزار

سوال نمبر۔40۔ (A) نالائق (B) لائق (C) فرمانبردار (D) ہوشیار۔

ANSWER KEYS

1b-2a-3d-4c-5b-6a-7c-8d-9c-10d-11b-12c-13a-14d-15b-16c-17d-18a-19a-20d-21b-22d-23a-24a-25d-26a-27b-28a-29b-30c-31d-32d-33d-34b-35d-36a-37a-38d-39d-40c